

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ رجب المرجب سنہ ۱۳۳۵ھ مطابق ۱۴ مئی سنہ ۱۹۱۷ء	نمبر ۲۰

فہرست مضامین

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۸ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت پندرہ یوم منشی گلزاری لال ناظر اجلاس ہمایوں کی تاریخ استفادہ سے بغرض روانگی شہر باندہ و فتح پور ہندہ داری منشی احمد اسد طبیہ اجلاس ہمایوں منظور فرمائی گئی۔

روبکار محکمہ عالیہ دار الانشاء اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم مرقومہ ۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

دستخط بخط انگریزی حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بنظر پرورش بدولت و اقبال منظور فرماتے ہیں کہ امپیریل سروس انفنٹری کے نان کمیشنڈ افسران و سپاہیان کی تنخواہ موجودہ میں ایک ایک روپیہ اضافہ دیا جاوے یکم مئی سنہ ۱۹۱۷ء سے۔

حکم ہوا کہ

حسب صراحت بالا احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل روبکار ہٰذا کی ذریعہ دفتر فوجی میجر عبد الکریم خاں کمانڈنگ افسر امپیریل سروس انفنٹری کے پاس میدان جنگ میں بھیجدیجاوے اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

منشی بھگت بہادر لال منشی

ملخص حکم اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر

رخصت

۵ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

حسب رپورٹ اجلاس ہٰذا اجلاس ہمایوں حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم سے رخصت دو ماہ انجینیر صاحب برقی روشنی کی بوجہ علالت منظور ہوگئی ایام رخصت میں اسسٹنٹ انجینیر برقی روشنی کام انجام دینگے۔

روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

آج بکاغذات بموجودگی صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس پیش ہوئے سید احمد علی عرف بتن میاں کے سلسلہ علیحدگی میں جو تقرر و اضافہ وغیرہ ملازمان کو دیے گئے تھے اب بعد بحالی بتن میاں اُس سلسلہ کے باقی رہنے کی بوجہ عدم گنجائش بجٹ کوئی صورت نہیں ہے لہذا تاریخ بحالی بتن میاں انسپکٹر سے دیگر اضافہ و تقرر ملازمان مسدود و علیحدہ ہوں چونکہ نصیر احمد خاں نے ایام انچارجی میں کام بہتر انجام دیا ہے لہذا آئندہ عند الخلوئے موقعہ جناب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس نصیر احمد خاں کی ترقی کا خیال اندی پرشاد و حافظ نصیر اسد خاں کو دو دو روپیہ الاونس ملتا تھا بعد اضافہ انکا الاونس دوسرے اہلکاران کو دیا گیا تھا لہذا جس تاریخ سے یہ اضافہ منسوخ ہو اندی پرشاد و حافظ نصیر اسد خاں مسدود ہوں اسی تاریخ سے وہ اپنا سابقہ الاونس بدستور پائیں جو لوگ وہ الاونس پاتے ہیں انکی تنخواہ سے گرا دیا جاوے ایک کانسٹبل جو اس سلسلہ میں علیحدہ ہوا اسکو آئندہ عند الخلوئے موقع کانسٹبلان میں جگہ دیجاوے نصیر احمد خاں اب بیس روپیہ ماہوار کا ہیڈ کانسٹبل رہا لہذا وہ کوتوالی میں بدستور تعینات کیا جاوے اور منشی نسیم اللہ سب انسپکٹر ٹانڈہ سے کچہری تبدیل کیا جاوے اور مرزا احمد علی سب انسپکٹر تھانہ ٹانڈہ میں انچارجی پر تعینات کیا جاوے۔

حکم ہوا کہ

بصراحت روبکار ہٰذا احکام ضابطہ منفصل جاری ہوں بعد اجرائے احکام اصل کاغذات آج ہی بخدمت صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس مرسل ہوں۔

منشی [illegible]

تفصیل اضافہ وغیرہ جو سلسلہ علیحدگی بتن میاں ہوا تھا جو اب منسوخ ہوا۔

اسم	تعداد اضافہ	اسم	تعداد اضافہ	اسم	تعداد اضافہ
نصیر احمد خاں	عـــہ	رضی اللہ خاں ہیڈ کانسٹبل	صـــہ	اندی پرشاد	صـــہ
حافظ نصیر اسد خاں	ہـــہ				

ملخص احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اجازت

۳ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

حسب گزارش منشی صاحب عدالت دیوانی منشی یوسف علی وکیل درجہ دوم کو اجازت عدالت دیوانی میں ستودہ کالت کرنیکی عطا ہوئی

رخصت

۷ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

حسب ملاحظہ تحریر صاحب مجسٹریٹ ضلع رخصت ایک ہفتہ سلطان حسین خاں پیشکار عدالت فوجداری ضلع ۷ مئی سنہ ۱۹۱۷ء سے بوجہ علالت منظور ہوگئی ایام رخصت میں منشی فضل علیخاں پیشکار کام کرینگے

ملخص حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر

رخصت

۷ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

رخصت پندرہ یوم مظہر علیخاں پیشکار افسر صاحب بہادر چیدیانہ جات کی ۱۲ مئی سے ۲۶ مئی سنہ ۱۹۱۷ء تک بغرض روانگی ملک بہ عوض داری یونس خاں محرر منظور ہوئی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۵ مئی لغایت ۱۲ مئی سنہ ۱۹۱۷ء

کیفیت	ٹانڈہ	سوار	بلاسپور	ملک	شاہ آباد	حضور تحصیل	نام جنس
تحصیل شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا۔	۱۰ ۱ار	۰۱۰ ۱ار	۰۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار		۰۹ ۱ار	گندم
	۱۴ ۱ار	۱۴ ۱ار	۱۴ ۱ار	۰۱۲ ۱ار		۱۳ ۱ار	نخود خالص
	۰۱۴ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۵ ۱ار	۱۴ ۱ار		۱۴ ۱ار	نخود کشتہ آمیز
	۱۵ ۱ار	۰۱۶ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۴ ۱ار		۱۵ ۱ار	کتہ
	۸ ۱ار	۸ ۱ار	۸ ۱ار	۰۷ ۱ار		۸ ۱ار	ماش
	۸ ۱ار	۸ ۱ار	۸ ۱ار	۰۷ ۱ار		۹ ۱ار	مونگ
	۰	۱۴ ۱ار	۱۵ ۱ار	۱۵ ۱ار		۱۲ ۱ار	مکّا
	۱۵ ۱ار	۱۶ ۱ار	۰۱۷ ۱ار	۱۷ ۱ار		۱۵ ۱ار	جئی
	۰۱۳ ۱ار	۱۵ ۱ار	۰۱۲ ۱ار	۱۲ ۱ار		۰	گوجئی
	۹ ۱ار	۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار	۰۹ ۱ار		۹ ۱ار	عدس
	۱۵ ۱ار	۱۶ ۱ار	۱۰ ۱ار	۱۵ ۱ار		۰۱۵ ۱ار	ارہر
	۰۷ ۱ار	۸ ۱ار	۸ ۱ار	۰۶ ۱ار		۷ ۱ار	برنج
	۰۰ رر ۱ار	۰۰ رر ۱ار	۰۰ رر ۱ار	۰۰ رر ۱ار		۰۰ ۱ار	روغن زرد
	۰۲ ر ۱ار	۰۲ ۱ار	۲ ۱ار	۲ ۱ار		۲ ر ۱ار	روغن سیاہ
	۲ ۱ار	۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار	۱۰ ۱ار		۱۰ ر ۱ار	روغن کنجد
	۱۲ ۱ار	۱۲ ۱ار	۱۱ ۱ار	۱۳ ۱ار		۱۰ ۱ار	نمک سانبھر
	۹ ۱ار	۱۰ ۱ار	۸ ۱ار	۸ ۱ار		۶ ۱ار	نمک لاہوری
	۰۴ ۱ار	۰۴ ۱ار	۰۴ ۱ار	۴ ۱ار		۰۴ ۱ار	قند سیاہ
	۰	۰	۰	۰		۱۰ ۱ار	باجرہ